# 29-06-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تیقن دیا ہے کہ ورنگل کے کاکتیہ میگا ٹکسٹائل پارک کے علاقہ کو خصوصی زون کے طور پر ترقی دی جائے گی۔

۲۔تلنگانہ کانگریس کے سینئر لیڈر وراجیہ سبھا کے سابق رکن ڈی سرینواس چل بسے۔انہوں نے حیدرآباد میں اپنی رہائش گاہ پر کل رات تقریباً3 بجے آخری سانس لی۔

۳۔آئی این ٹی یو سی نے سنگارینی کوئلہ کی کانوں کی نجی کاری کے مرکز کے فیصلہ کی مخالفت کی ہے۔

اور

۴۔کل 11 بجے دن آکاش وانی سے من کی بات پروگرام میں وزیراعظم مودی ملک اور بیرون ملک کی عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

☆☆☆

تلنگانہ کانگریس کے سینئر لیڈر وراجیہ سبھا کے سابق رکن ڈی سرینواس چل بسے۔وہ 76 سال کے تھے۔انہوں نے حیدرآباد میں اپنی رہائش گاہ پر کل رات تقریباً3 بجے آخری سانس لی۔ان کے ارکان خاندان نے بتایا کہ سرینواس جو گزشتہ کچھ دنوں سے بیمار تھے،دل کا دورہ پڑنے سے چل بسے۔سرینواس کے پسماندگان میں بیوی اور دو بیٹے ہیں،فی الحال ان کی لاش جوبلی ہلز میں واقع ان کے گھر میں رکھی گئی ہے جہاں کانگریس لیڈران اور ارکنان نے بڑی تعداد میں دیدار کیا۔شام کو ان کی لاش کو نظام آباد کے پرگتی نگر میں واقع ان کی رہائش گاہ منتقل کیا جائے گا۔آخری رسومات اتوار کو ادا کی جائے گی۔سرینواس کی پیدائش 27 ستمبر 1948 کو نظام آباد ضلع میں ہوئی تھی۔انہوں نے نظام کالج سے اپنی ڈگری مکمل کی۔ بعد میں وہ سیاست سے وابستہ ہوئے اور کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔وہ 1989 میں کانگریس پارٹی کے ٹکٹ پر پہلی بار نظام آباد اربن سے اسمبلی کے لیے منتخب ہوئے۔بعد ازاں انہوں نے 1999 اور 2004 میں ایم ایل اے کے طور پر کامیابی حاصل کی۔1998 میں انہیں متحدہ اے پی،پی سی سی کا صدر مقرر کیا گیا۔انہوں نے 2004 اور 2009 میں متحدہ اے پی میں وزیر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔وہ ریاست کی تقسیم کے بعد 2015 میں بی آر ایس میں شامل ہوئے اور راجیہ سبھا کے رکن کے طور پر منتخب ہوئے۔سرینواس کی موت پر وزیراعلی تلنگانہ سی ایم ریونت ریڈی نے ان کے ارکان خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا۔وزیراعلی نے ڈی سرینواس کی خدمات کو یاد کیا اور کہا کہ ڈی سرینواس نے کانگریس پارٹی کے لئے طویل عرصے تک غیر معمولی خدمات انجام دیں۔انہوں نے کہا کہ ڈی سرینواس کانگریس کے کارکن سے بلندیوں پر پہنچے، وہ کئی سیاسی لیڈروں کے لیے رول ماڈل ہیں۔ کانگریس کے سینئر ترین لیڈر نے تلنگانہ تحریک اور کانگریس میں اپنے طویل سیاسی دور کے دوران بھی اپنی شناخت بنائی۔

☆☆☆

کل 11 بجے دن آکاش وانی سے من کی بات پروگرام میں وزیراعظم مودی ملک اور بیرون ملک کی عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ہر مہینہ ہونے والا ریڈیو کا 111 پروگرام ہوگا۔مسلسل تیسری مرتبہ مودی کے وزیراعظم کے طور پر ذمہ داری سنبھالنے کے بعد یہ پہلا من کی بات پروگرام ہوگا۔اس پروگرام کو آکاش وانی، دوردرشن کے تمام نٹ ورکس،آل انڈیا کے نیوز ویب سائٹس،موبائل ایپ کے ذریعہ نشر کیا جائے گا۔آل انڈیا ریڈیو نیوز،ڈی ڈی نیوز، پی ایم او، اطلاعات ونشریات کے یوٹیوب چینل پر بھی اس کو پیش کیا جائے گا۔ ہندی میں من کی بات پروگرام کو پیش کرنے کے فوری بعد تلگو میں آکاش وانی میں اس کا ترجمہ پیش کیا جائے گا۔

☆☆☆

شمال مغرب، مغربی وسطیٰ، خلیج بنگال میں بنے ہوا کے کم دباو کے سبب ریاست کے کئی علاقوں میں بارش ہوئی۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ کل اوسط سے شدید بارش کا امکان ہے۔اسی دوران 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے طوفانی ہوائیں چلیں گی۔محکمہ موسمیات نے انتباہ دیا ہے کہ کریم نگر، پدا پلی، جے شنکر بھوپال پلی، ملگ ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، وقارآباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی،محبوب نگر، ناگرکرنول، ونپرتی، نارائن کھیڑ اور گدوال میں شدید بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆

کالیشورم، میڈی گڈہ، سندیلہ، انارم بیراجس کے کاموں میں بے قاعدگیوں کی تحقیقات کے لئے تشکیل دیئے گئے جسٹس پی سی گھوش کمیشن کی معیاد میں حکومت نے دو ماہ کی توسیع کردی ہے۔قبل ازیں لئے گئے فیصلہ کے مطابق یہ معیاد آج ختم ہورہی تھی، اسی دوران کمیشن کی ہدایت کے مطابق پراجکٹس سے متعلق عہدیداروں، تعمیری اداروں کے نمائندوں نے سربمہر لفافوں میں حلف نامے داخل کئے۔

☆☆☆

ریاست میں زیر التوا دھرانی درخواستوں کی یکسوئی کے حصہ کے طور پر بھدرادری کوتہ گوڑم میں ان درخواستوں کی فوری یکسوئی کے اقدامات کئے جائیں گے۔اس مسئلہ پر ضلع کلکٹر جیون پاٹل نے سی سی ایل اے کمشنر نوین متل کی جانب سے آج منعقدہ ویڈیو کانفرنس میں کہا کہ حکومت کی ہدایت کے مطابق جن درخواستوں کی یکسوئی کی گئی ہے، ان کو آن لائن اَپ ڈیٹ کیا جائے گا۔

☆☆☆

ڈسٹرکٹ یوتھ اینڈ اسپورٹس آفیسر بھدرادری کوتہ گوڑم نے کہا ہے کہ ریاست کے اسپورٹس اسکولس میں چوتھی جماعت میں داخلوں کا عمل آنے والے ماہ کی 2 تاریخ سے کوتہ گوڑم کے پرکاشم اسٹیڈیم میں شروع کیا جائے گا۔اس دن صبح 8 بجے یہ عمل شروع ہوگا۔

☆☆☆

نلگنڈہ ضلع میں نمبر پلیٹس کے بغیر چلائی جانے والی 1769 گاڑیوں کو ضبط کیا گیا۔ضلع ایس پی شرت چندراپوار نے یہ بات بتائی۔مسروقہ گاڑیوں اور نمبر پلیٹ کے بغیر گاڑیوں کا استعمال، طلائی چین چھیننے والے کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جرائم کی وارداتوں پر قابو پانے کے لئے خصوصی اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے نمبر پلیٹ کے بغیر چلائی جانے والی گاڑیوں کے سواروں کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا بھی انتباہ دیا۔

☆☆☆

سدی پیٹ ضلع میں پیر سے شروع ہونے والے آپریشن مسکان کے سلسلہ میں سدی پیٹ پولیس کمشنر بی انورادھا نے آج جائزہ اجلاس منعقد کیا۔آپریشن مسکان، آپریشن اسمائیل کے تحت اب تک 946 بچوں کو بچالیا گیا۔ چھوٹے بچوں سے زبردستی کام کروانے، ان سے بھیک مانگنے کا کام کروانے والوں کے خلاف فوجداری کارروائی کی جائے گی۔اس مقصد کے لئے خصوصی طور پر ہر ڈویژن میں ایک اے ایس آئی کے بشمول چار پولیس ملازمین کو مقرر کیا جائیگا۔

☆☆☆

سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو کی 75 ویں سالگرہ کے سلسلہ میں ان پر لکھی گئی تیسری کتاب کی وزیر اعظم مودی کل شام ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ رسم اجراانجام دیں گے۔وینکیا نائیڈو لائف اِن سرویس نامی ے موضوع پر ایس ناگیش کمار، سابق ریسیڈنٹ ایڈیٹر ہندو حیدرآباد ایڈیشن، سلی بریٹنگ بھارت دی مشین اینڈ مسیج آف وینکیا نائیڈو کے عنوان پر آئی وی سبھاراو، مہانیتا لائف اینڈ جرنی آف وینکیا نائیڈو کی کتاب سنجے کشور نے تحریر کی ہے۔

☆☆☆

آئی این ٹی یوسی نے سنگارینی کوئلہ کی کانوں کی نجی کاری کے مرکز کے فیصلہ کی مخالفت کی ہے۔ جنک پرساد سکریٹری جنرل سنگارینی کول مائن لیبر یونین، آر ڈی چندر شیکھر جنرل سکریٹری آئی این ٹی یوسی، کے جگن موہن ریڈی نے کہا کہ یونین سنگارینی کوئلہ کے بلاکس کی نجی کاری کے بی جے پی کی مرکزی حکومت کے فیصلہ کی شدید مخالفت کرتی ہے۔اس قدم سے ہزاروں ورکرس اوران کے خاندانوں کا ذریعہ معاش خطرہ میں پڑ جائے گا۔ملک اوراس کی دولت کے مفادات کونقصان پہنچے گا۔سنگارینی کوئلہ کے کان ہندوستان کے برقی کے شعبہ کے اہم ستون ہے۔ یہ تلنگانہ علاقہ میں اہم روزگار کا اہم ذریعہ ہے۔مجوزہ نجی کاری سے نہ صرف مزدوروں کونقصان پہنچے گا بلکہ اس سے مقامی طبقات بھی متاثر ہوں گے جوعوامی شعبہ کے اس ادارہ کے استحکام اور سیکوریٹی پر منحصر ہیں۔آئی این ٹی یوسی کا ماننا ہے کہ اس نجی کاری سے بڑے پیمانے پر بیروزگاری پیدا ہوگی اور ماحولیات تباہ ہوگی۔اس سے دیسی اور قبائلی افراد بے گھر ہوجائیں گے۔ان کوان کے سلامتی کے معیارات، ماحولیاتی قواعد اور کوئلہ کی کانوں کے آپریشن کے طویل مدتی استحکام پر اثر پڑے گا۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تیقن دیا ہے کہ ورنگل کے کاکتیہ میگا ٹکسٹائل پارک کے علاقہ کوخصوصی زون کے طور پر ترقی دی جائے گی۔ٹکسٹائل پارک کے لئے اراضی دینے والے افراد کو اندراماں مکانات دینے کے اقدامات کئے جائیں گے۔ورنگل، ہنمکنڈہ کے دورہ کے حصہ کے طور پر انہوں نے ٹکسٹائل پارک میں ون مہوتسو کے حصہ کے طور پر پودا لگایا۔ انہوں نے ساتھ ہی سرکاری ملٹی سوپر اسپیشالٹی ہاسپٹل کی تعمیر کے کاموں کا معائنہ کیا۔انہوں نے کاموں کو جلد پورا کرنے کی ہدایت دی۔گریٹر ورنگل میونسپل کارپوریشن کے سلسلہ میں ورنگل، ہنمکنڈہ اضلاع، گریٹر ورنگل کے عہدیداروں کے ساتھ انہوں نے جائزہ اجلاس منعقد کیا۔وزیراعلیٰ کے ساتھ وزرا کونڈا سریکا، سیتا اکا بھی موجود تھے۔ انہوں نے گریٹر ورنگل میونسپل کارپوریشن کے سلسلہ میں عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔